(پریس ریلیز)

گیارہویں جماعت کے ریگولر طلباء وطالبات اپنے رزلٹ کارڈز دوبارہ حاصل کرسکیں گے

قبل ازیں بھی امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2019ء کے رزلٹ کارڈز بورڈ نے تعلیمی اداروں کے اکاؤنٹس میں منتقل کئے تھے

بعض ادارے تیکنیکی خرابی یا کسی اور وجہ سے اپنے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ نہ کر سکے اوران کے بچے رزلٹ کارڈ سے محروم رہے

چیئر پرسن بورڈ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین نے رزلٹ کارڈز دوبارہ تعلیمی اداروں کے اکاؤنٹس میں منتقل کرنے کی ہدایت کردی

ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کی سائیڈ یکم ستمبر تا 10 ستمبر 2020ء تک کھلی رہے گی' اس سہولت سے تمام ادارے فائدہ اٹھا سکیں گے

تعلیمی اداروں کے سربراہان' طلباء وطالبات' ان کے والدین اور تعلیمی حلقوں کی طرف سے چیئر پرسن کو زبردست خراج تحسین

فیصل آباد( ) چیئر پرسن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین نے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ (گیارہویں جماعت) سالانہ 2019ء کے ریگولر طلباء وطالبات کے رزلٹ کارڈز ایک بار پھر ان کے تعلیمی اداروں کے اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں یادرہے کہ قبل ازیں بھی تعلیمی بورڈ فیصل آباد نے ریگولر طلباء وطالبات کے رزلٹ کارڈز ان کے تعلیمی اداروں کے اکاؤنٹ میں منتقل کئے تھے جہاں سے ان اداروں نے ڈاؤن لوڈ کر کے اپنے طلباء وطالبات کو دیدیئے تھے تاہم بعض اداروں کی طرف سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ اپنے طلباء وطالبات کے رزلٹ کارڈز کسی تیکنیکی خرابی یا کسی اور وجہ سے بروقت ڈاؤن لوڈ نہ کر سکے لہذا بورڈ کی سائیڈ ایک بار پھر کھول دی جائے تا کہ وہ اپنے اداروں کے طلباء وطالبات کے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکیں۔ بورڈ قوانین کے مطابق مقررہ تاریخ تک جو ادارے اپنے اکاؤنٹس سے رزلٹ کارڈز ڈاؤن لوڈ نہ کرسکیں انہیں مجوزہ فیس بنک میں جمع کروانے کی صورت میں ہی رزلٹ کارڈ میسر آ سکتے ہیں تاہم چیئر پرسن بورڈ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین نے انسانی ہمدردی' طلباء وطالبات کے روشن مستقبل اور تعلیمی اداروں کے بہترین مفاد کے پیش نظر ایک بار پھر بورڈ کی ویب سائیڈ کو یکم ستمبر بروز منگل تا 10 ستمبر 2020ء بروز جمعرات تک کھولنے کی ہدایات جاری کی ہیں تا کہ جو ادارے رزلٹ کارڈز حاصل نہ کر سکے تھے وہ اپنے اکاؤنٹ سے رزلٹ کارڈ نکال سکیں۔ تعلیمی اداروں کے سربراہان' طلباء وطالبات' ان کے والدین اور تعلیمی حلقوں نے چیئر پرسن بورڈ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین کے اس فیصلہ کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلاشبہ چیئر پرسن بورڈ کا یہ اقدام ان کی علم دوستی اور ایک بہترین منتظم ہونے کی واضح دلیل ہے جس پر وہ ہدیہ تبریک کی مستحق ہیں۔